| Narration | Time |
|---|---|
| لبرآفس کیلک میں امیج درج کرنے پر سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم درج ذیل باتیں سیکھیں گے: | 00:06 |
| ڈاکیومینٹ میں ایک امیج (تصویر) فائل درج کرنا. | 00:09 |
| مثال کے طور پر jpeg -، png یا bmp. | 00:13 |
| یہاں ہم، اُبنٹو لینکس ورژن 10.04 اور لبرآفس سوٹ ورژن 3.3.4 کا استعمال کر رہے ہیں. | 00:19 |
| سپریڈشیٹ میں امیجیس کو ایسے شامل کر سکتے ہیں، امیج فائل براہ راست داخل کر کے، گرافکس پروگرام سے، کلپ بورڈ کی مدد سے یا گیلری سے . | 00:28 |
| ہم ان سب کی تفصیل میں بات کریں گے. | 00:39 |
| اپنی "Personal-Finance-Tracker.ods" سپریڈشیٹ فائل کھولتے ہیں. | 00:43 |
| سب سے پہلے، sheet 2 منتخب کریں. | 00:48 |
| ہم ان شیٹس میں امیجیس کو داخل کریں گے. | 00:51 |
| یہ ایک اچھی عادت ہے کہ پہلے سیل منتخب کریں اور پھر امیجیس کو درج کریں. | 00:54 |
| اگر آپ کے کمپیوٹر میں امیج پہلے ہی موجود ہے، آپ اسے سب سے پہلے "Insert" پر کلک کر کے... | 00:59 |
| اور پھر "Picture" اور "From File" سے منتخب کر کے درج کر سکتے ہیں. | 1:06 |
| اب اس امیج کو تلاش کریں، جو آپ درج کرنا چاہتے ہیں. | 1:10 |
| میں نے پہلے ہی ڈیسک ٹاپ پر "Images" نامی فولڈر میں کچھ امیجیس کو جمع کیا ہے. | 1:14 |
| لہذا، میں "Image1" چنوں گا. | 1:20 |
| ہمیں "Location" فیلڈ میں امیج کا نام نظر آئے گا. | 1:24 |
| "Open" کے بٹن پر کلک کریں. | 1:28 |
| نوٹ کریں، کہ امیج سپریڈشیٹ پر ظاہر ہوتی ہے. | 1:31 |
| چلیئے لنک کر کے ایک اور امیج جوڑتے ہیں. | 1:38 |
| پہلے ایک نئی سیل منتخب کریں. | 1:42 |
| اب، "Insert" اور "Picture" پر کلک کریں اور "From File" کا انتخاب کریں . دوسری امیج منتخب کریں. | 1:45 |

| | |
|---|---|
| اب "Image 2" پر کلک کریں. | 1:55 |
| امیج اپنے ڈاکیومینٹ پر لنک کرنے کے لئے، "Link" آپشن چیک کریں اور "Open" پر کلک کریں. | 1:58 |
| ظاہر ہونے والے ڈائیلاگ باکس میں، "Keep Link" کے بٹن پر کلک کریں. | 2:05 |
| امیج اب فائل میں لنک ہو گئی ہے. | 2:11 |
| linking.. | 2:15 |
| جب ہم ایک فائل کو لنک کرتے ہیں : سب سے پہلے یہ سپریڈ شیٹ کا سائز کم کرتی ہے، جب یہ سیو ہوتی ہے. | 2:17 |
| چونکہ ہمارے سپریڈ شیٹ میں امیج نہیں ہے. | 2:23 |
| دوسرا، یہ صارف کو دونوں فائلس میں الگ سے تبدیلی کرنے کے قابل بناتا ہے. | 2:27 |
| امیج فائل میں کی گئی کوئی بھی تبدیلی، سپریڈ شیٹ میں لِنکڈ امیج پر ظاہر ہوگی. | 2:32 |
| Image 2 کا رنگ بدلتے ہیں، جو کہ گریسکیل کے لئے فائل سے لِنکڈ ہے. | 2:39 |
| میں اس امیج کو تبدیل کرنے کے لئے امیج ایڈیٹر GIMP کا استعمال کر رہا ہوں. | 2:46 |
| آپ اپنی مشین پر نصب کوئی بھی ایڈیٹر استعمال کر سکتے ہیں. | 2:50 |
| سب سے پہلے "Personal-Finance-Tracker.ods" سیو کریں اور بند کر دیں. | 2:54 |
| پھر، images فولڈر میں جائیں. | 3:01 |
| "Image 2" منتخب کریں. | 3:04 |
| اب، دائیاں - کلک کریں اور Open with GIMP منتخب کریں. | 3:06 |
| Image 2 GIMP میں کھلتی ہے. | 3:10 |
| اب امیج color سے greyscale میں تبدیل کریں. | 3:13 |
| اب، امیج سیو کریں اور بند کر دیں. | 3:18 |
| Personal-Finance-Tracker.ods کھولیں. | 3:22 |
| Image 2 اب greyscale میں ظاہر ہوتی ہے. | 3:26 |
| تاہم، فائل لنک کرنے کا ایک بہت بڑا نقصان ہے کہ، جب بھی آپ اس سپریڈ شیٹ کو دوسرے کمپیوٹر یا صارف کو بھیجتے ہیں، | 3:30 |
| آپکو دونوں بھیجنے پڑیں گے، سپریڈ شیٹ اور ساتھ - ساتھ امیج فائل. | 3:40 |

| | |
|---|---|
| جس کا مطلب ہے کہ، آپ کو ہمیشہ اُس مقام کا پتہ رکھنا ہوگا، جہاں آپ دونوں فائلس جمع کر رہے ہیں. | 3:44 |
| امیج سپریڈشیٹ کے دائیں طرف کھسکاتے ہیں. | 3:52 |
| سپریڈشیٹ میں امیج درج کرنے کا ایک اور طریقہ ہے، فولڈر سے ڈریگ کر کے، | 3:58 |
| جہاں آپ نے امیج جمع کی ہے، اور اسے اپنی سپریڈشیٹ میں چھوڑ دیں. | 4:05 |
| آیئے امیج ڈریگ اور ڈراپ کریں | 4:09 |
| اب امیج فائل کو اپنے سپریڈشیٹ میں براہ راست ڈریگ اور ڈراپ، کریں جہاں آپ رکھنا چاہتے ہیں. | 4:12 |
| آپ دیکھیں گے کہ امیج آپکے ڈاکیومینٹ میں داخل ہوگئی ہے. | 4:19 |
| CTRL اور Z دبا کر اس تبدیلی کو انڈو کریں | 4:23 |
| اب امیج ڈریگ اور ڈراپ طریقہ سے لنک کریں. | 4:29 |
| یہ بھی بہت آسان ہے ! صرف "Control" اور "Shift" کیز کو دبا کر پکڑے رہیں. | 4:34 |
| جب سپریڈشیٹ میں امیج ڈریگ کر رہے ہوں. | 4:40 |
| امیج فائل اب ڈاکیومینٹ سے لنک ہوگئی ہے. | 4:44 |
| اس کیلک فائل کو CTRL اور S کیز کو ایک -ساتھ دبا کر سیو کیجیے. | 4:48 |
| اب اس فائل کو بند کر دیں. | 4:54 |
| اب فولڈر پر جائیں، جہاں امیج موجود ہے. | 4:58 |
| "Image 3.jpg" جسے ہم نے فائل میں درج کیا ہے، کو "Image4.jpg" نام دیں. | 5:02 |
| اب "Personal Finance Tracker.ods" فائل دوبارہ کھولیں. | 5:12 |
| آپ دیکھتے ہیں کہ منسلک امیج اب ظاہر نہیں ہے. | 5:18 |
| منسلک پاتھ ایرر دکھاتا ہے. | 5:22 |
| اس لنک کو ڈلیٹ کریں | 5:25 |
| اس ٹیوٹوریل کو روک دیں اور یہ مشق کریں. | 5:28 |
| کیلک شیٹ میں لنک کے طور پر ایک امیج درج کریں، اسے سیو اور بند کر دیں. | 5:32 |
| اب، فولڈر میں جائیں، جہاں امیج رکھی ہے اور امیج کو ڈلیٹ کریں | 5:38 |
| کھولیں اور دیکھیں اگر امیج اب بھی کیلک فائل میں ظاہر ہے. | 5:43 |

| | |
|---|---|
| 5:49 | اب امیج واپس امیج فولڈر میں پیسٹ کریں. |
| 5:53 | چیک کریں، اگر امیج کیلک فائل میں ظاہر ہے. |
| 5:57 | "Standard" ٹول بار کے بالکل نیچے ایک نئے ٹول بار پر توجہ دیں. |
| 6:02 | یہ "Picture" ٹول بار ہے. |
| 6:04 | "Picture" ٹول بار کے سب سے اوپر بائیں طرف Filter بٹن امیج کی دکھاوٹ تبدیل کرنے کے کئی پ آشنس فراہم کرتا ہے. |
| 6:13 | CTRL اور Z دبا کر اسے انڈو کریں |
| 6:18 | "Graphics mode" بٹن میں امیج گریسکیل، بلیک -اینڈ -وائٹ یا واٹر مارک میں تبدیل کرنے کے آپشنس ہوتے ہیں. |
| 6:26 | "Picture" ٹول بار میں اور دوسرے آپشنس ہیں جنہیں ہم بعد میں دیکھیں گے. |
| 6:32 | آ گے، ہم سیکھیں گے، کہ ایک کلپ بورڈ سے امیج کیسے درج کریں. |
| 6:37 | کلپ بورڈ میں جمع امیجیس کو آپ ایک لبر آفس سپریڈشیٹ سے دوسرے میں کاپی کر سکتے ہیں. |
| 6:44 | ایک نئی سپریڈشیٹ بنائیں اور اسے "abc.ods" نام دیں. |
| 6:50 | یہ ہمارا ٹارگیٹ ڈاکیومینٹ ہے. |
| 6:53 | ہمارے پاس ہماری "Personal-Finance-Tracker.ods" فائل میں پہلے سے ہی ایک امیج ہے. |
| 6:59 | یہ ہمارا سورس ڈاکیومینٹ ہے. |
| 7:02 | اب سورس فائل سے امیج کا انتخاب کریں، جسے کاپی کرنا ہے. |
| 7:06 | امیج کاپی کرنے کے لئے "CTRL" اور "C" کیز کو ایک ساتھ دبائیں. |
| 7:11 | امیج اب کلپ بورڈ پر سیو ہوگئی ہے. |
| 7:15 | اب ٹارگٹ ڈاکیومینٹ پر جائیں، جو کہ "abc.ods" ہے. |
| 7:21 | مقام منتخب کریں، جہاں آپ اپنے سیو کی ہوئی امیج "abc.ods" میں رکھنا چاہتے ہیں. |
| 7:28 | اب ڈاکیومینٹ میں امیج درج کرنے کے لئے "CTRL" اور "V" کیز ایک ساتھ دبائیں. |
| 7:35 | ہم دیکھتے ہیں کہ امیج ہماری ٹارگیٹ فائل میں داخل ہوگئی ہے. |
| 7:42 | اب ہم سیکھیں گے، کہ کیلک گیلری سے امیجیس کو براہ راست کیسے درج کریں. |

| | |
|---|---|
| "Gallery" میں امیج اور ساتھ ہی آواز ہوتی ہیں جنہیں اپنے سپریڈشیٹ میں درج کر سکتے ہیں. | 7:48 |
| دیکھتے ہیں یہ کس طرح. | 7:54 |
| اِسٹنڈرڈ ٹول بار میں "Gallery" آئکن پر کلک کریں. | 7:57 |
| متبادل طور پر، مینو بار میں "Tools" آپشن پر کلک کریں اور پھر اسے کھولنے کے لئے "Gallery" پر کلک کریں. | 8:01 |
| اب "Gallery" جو امیجس پیش کرتا ہے ان میں جائیں اور اس امیج پر کلک کریں جسے آپ اپنے ڈاکیومینٹ میں درج کرنا چاہتے ہیں. | 8:09 |
| "Gallery" سے امیج ڈریگ اور ڈراپ کریں اور سپریڈشیٹ میں شامل کریں جہاں آپ درج کرنا چاہتے ہیں. | 8:18 |
| آپ دیکھتے ہیں کہ امیج ہماری "Personal-Finance-Tracker.ods" فائل میں درج ہوگئی ہے. | 8:26 |
| اسی کے ساتھ ہم لبرے آفس کیلک پر اس سپوکن ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ چکے ہیں. | 8:34 |
| مختصر میں، ہم نے سیکھا کہ کس طرح - کئی طریقوں سے ایک امیج فائل سپریڈشیٹ میں درج کریں. | 8:39 |
| جیسے ایک فائل سے، کلپ بورڈ سے یا گیلری سے | 8:46 |
| درج ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. | 8:52 |
| یہ سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے. | 8:55 |
| اگر آپ کے پاس اچھی بینڈ وڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. | 8:58 |
| سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم، سپوکن ٹیوٹوریل کا استعمال کر کے ورکشاپس بھی چلاتی ہے. | 9:03 |
| اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں. | 9:08 |
| مزید معلومات کے لئے contact @ spoken hyphen tutorial dot org پر رابطہ کریں. | 9:12 |
| سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. | 9:19 |
| جسے حکومت ہند کے ایمیچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. | 9:23 |
| اس مشن پر مزید معلومات کے لئے دستیاب لنک پر رابطہ کریں spoken hyphen tutorial dot org . slash NMEICT hyphen Intro | 9:31 |
| اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ۔ | 9:41 |